Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ہر روز جمعہ

The Daily
ALFAZL
RABWAH

ایڈیٹر
مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۱۵ پیسے

جلد ۶۲/۲۷	۱۳ جمادی الاول ۱۳۹۳ھ ۱۵ احسان ۱۳۵۲ھش ۱۵ جون ۱۹۷۳ء	نمبر ۱۳۴

ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

اللہ تعالیٰ کی ذات تمام صفات کاملہ کی جامع اور ہر ایک نقص سے منزّہ ہے

بجز اُسکے اور کسی چیز میں حیّ بالذّات اور قائم بالذّات ہونے کی صفت نہیں پائی جاتی

"زمین آسمان اور ما فی الارض والسمٰوات پر نظر کرو۔ اور سوچو کہ کیا یہ تمام مخلوقات بذاتہٖ و بنفسہٖ اپنے قیام اور ہستی میں مستقل اختیار رکھتے ہیں یا کسی کے محتاج ہیں؟

تمام مخلوقات اجرامِ فلکی سے لیکر ارضی تک اپنی بناوٹ ہی میں عبودیت کا رنگ رکھتی ہیں۔ ہر پتّے سے یہ پتہ ملتا ہے اور ہر شاخ سے یہ صدا نکلتی ہے کہ اُلوہیّت اپنا کام کر رہی ہے۔ اس کے عمیق در عمیق تصرّفات جن کو ہم خیال اور قوّت سے بیان نہیں کر سکتے بلکہ کامل طور پر سمجھ بھی نہیں سکتے، اپنا کام کر رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ یعنی اللہ تعالیٰ ہی ایک ایسی ذات ہے جو جامع صفاتِ کاملہ اور ہر ایک نقص سے منزّہ ہے وُہی مستحق عبادت ہے اسی کا وجود بدیہی الثبوت ہے۔ کیونکہ وُہ حیّ بالذّات ہے اور بجز اسکے اور کسی چیز میں حیّ بالذّات اور قائم بالذّات ہونے کی صفت نہیں پائی جاتی۔ کیا مطلب کہ اللہ تعالیٰ کے بدُوں اور کسی میں یہ صفت نظر نہیں آتی کہ بغیر کسی عِلّت مُوجبہ کے آپ ہی موجود اور قائم ہو یا یہ کہ اس عالم کی جو کمال حکمت اور ترتیب محکم و موزُوں سے بنایا گیا ہے عِلّت مُوجبہ ہو سکے۔ غرض اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے سوا اور کوئی ایسی ہستی نہیں ہے جو ان مخلوقاتِ عالم میں تغیّر و تبدل کر سکتی ہو یا ہر ایک شئے کی حیات کا مُوجب اور قیام کا باعث ہو۔"

(ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۱۱۵، ۱۱۶)

اخبار احمدیہ

ربوہ ۔ ۱۴ احسان ۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ :۔

گرمی کے اثر کی وجہ سے کچھ ضعف ہے ویسے عام طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت حضور کی صحت کاملہ و عاجلہ اور درازیٔ عمر کے لئے التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں۔

ربوہ ۔ ۱۴ احسان ۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت بدن میں اور سر میں درد کی وجہ سے ناساز ہے۔

احباب جماعت دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور تا دیر سلامت رکھے۔ آمین

ربوہ ۔ ۱۴ احسان ۔ حضرت سیدہ مہر آپا صاحبہ مدظلہا العالی کی طبیعت گذشتہ چند دن بہت ناساز رہی ہے۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے نسبتاً افاقہ ہے۔ احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کامل و عاجل صحت عطا فرمائے۔ آمین

احباب توجّہ فرمائیں

احباب سے درخواست ہے کہ اگر آپ کو کسی ایسے احمدی ڈاکٹر کا علم ہے جو اس وقت بیرون پاکستان میں ہیں۔ تو اس کی اطلاع ہمیں دے کر ممنون فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں)

فضل عمر درس القرآن کلاس کی تاریخیں!

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ فضل عمر درس القرآن کلاس ۲۱ جولائی سے سترہ اگست تک ہوگی۔ حسب سابق ایک ہفتہ ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں اور تین ہفتہ ربوہ میں کلاسیں ہوں گی۔ امراء کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ ۲۱ جولائی سے ۲۷ جولائی تک اپنے ہاں اس کلاس کے انعقاد کا انتظام فرماویں اور کوشش کریں کہ تمام جماعتوں کی زیادہ سے زیادہ نمائندگی ہو۔ ۲۸ جولائی کو طلبہ ربوہ پہنچ جائیں تا وہ شروع سے ہی تعلیمی و تربیتی پروگرام سے فائدہ اٹھا سکیں۔

نوٹ :۔ طالبات ۲۱ جولائی سے ہی زیر نگرانی لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ربوہ میں اپنا تدریسی پروگرام شروع کریں گی۔

(ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد (تعلیم القرآن)

پبلشر :۔ مسعود احمد ؛ پرنٹر :۔ سید عبد الحی ؛ مطبع :۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ ؛ مقام اشاعت :۔ دفتر الفضل دار الرحمت غربی، ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ میں جدید پریس کی عمارت کا سنگِ بنیاد رکھنے کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کا ایمان افروز خطاب

ہمارا عزم اور ارادہ یہ ہے کہ دنیا کے ہر انسان کے ہاتھ میں قرآن کریم کا متن ترجمہ اور تفسیر پہنچا دیں

یہ بڑا عظیم اور مشکل کام ہے دوست دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اسے پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے

فرمودہ ۱۸ تبلیغ ۱۳۵۲ ہش مطابق ۱۸ فروری ۱۹۷۳ء

(نوٹ: خطبہ ثانیہ)

مورخہ ۱۸ تبلیغ ۱۳۵۲ ہش مطابق ۱۸ فروری ۱۹۷۳ء گیارہ بجے قبل دوپہر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جدید پریس کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعہ پر جو تقریر فرمائی تھی اس کا متن ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔ (یوسف سلیم شاہد ایم اے انچارج شعبہ زود نویسی)

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:۔

"حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امت مسلمہ کو یہ بشارت دی تھی کہ آخری زمانہ میں آپ کا ایک

محبوب ترین روحانی فرزند

مہدی معہود (علیہ السلام) مبعوث ہوگا۔ وہ امت کا ایک فرد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک عاشق صادق اور آپ کا محبوب ترین روحانی فرزند دنیا کو اس قدر خزائن دے گا کہ لینے والے لیتے لیتے تھک جائیں گے، مگر ان خزائن میں کوئی کمی نہ آئے گی چنانچہ دنیادار نگاہ نے مہدی معہود علیہ السلام کے ہاتھوں میں دنیا کے زر و جواہر دیکھنے کی خواہش کی، لیکن روحانی بینائی رکھنے والوں نے پہلے دن ہی سے یہ سمجھ لیا تھا کہ مہدی معہود (علیہ السلام) نے جو خزائن دنیا کے سامنے پیش کرنے ہیں وہ مادی خزائن نہیں بلکہ روحانی خزائن ہیں جن کی کثرت جن کی وسعت اور جن کی گہرائی کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا گویا بعثت مہدی معہود (علیہ السلام) کی ایک ہی غرض ہے اور وہ قرآن کریم کے خزائن کو بنی نوع انسان کے ہاتھوں تک پہنچانا ہے۔

اشاعت قرآن کے سلسلہ میں

تین مرحلے

آتے ہیں۔ ایک یہ کہ متن قرآن کریم کو ہر مسلمان کے ہاتھ میں پہنچا دیا جائے یہی نہیں بلکہ متن قرآن عظیم کو دنیا کے ہر انسان کے ہاتھوں تک پہنچایا جائے۔ اگر امت محمدیہ کے افراد کو اس نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان میں جہاں مذہب کے معاملہ میں کافی بیداری پائی جاتی ہے یہاں بھی بمشکل دس فی صد مسلمان ایسے ہوں گے جن کے پاس قرآن عظیم کا متن موجود ہوگا اس لئے مہدی معہود (علیہ السلام) پر ایمان لانے والوں کی پہلی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ ایسا انتظام کریں کہ ہر مسلمان کے پاس قرآن عظیم کا متن موجود ہو۔ اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ ساتھ طباعت ہو اور قرآن کریم کو تجارتی نقطہ نگاہ سے شائع نہ کیا جائے بلکہ ایک روحانی جذبہ کے ماتحت اس کی اشاعت ہو۔ یہ روحانی جذبہ ہمارے نزدیک صرف جماعت احمدیہ میں پایا جاتا ہے۔

دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ ہر قوم اور ہر ملک کی زبان میں کیا جائے تاکہ دنیا کے ہر خطہ کے لوگوں تک قرآن کریم کو اس کے معنے و مفہوم کے ساتھ پہنچایا جا سکے۔ دنیا میں اس وقت سینکڑوں زبانیں بولی جاتی ہیں۔ اکثر ایسی زبانیں ہیں جن کی طباعت ہوتی ہے بعض ایسی زبانیں ہیں جن کی طباعت بھی نہیں ہوئی۔

مغربی افریقہ کے دورہ میں

ہم نے خود مشاہدہ کیا کہ وہاں ایک زبان بولی تو جاتی ہے لیکن لکھی نہیں جاتی اس لئے اس زبان میں کتب موجود نہیں۔ چونکہ ہم نے ہر زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنا ہے اس لئے اس دقت کو دور کرنے کے لئے پہلے ہم ان کے حروف بنائیں گے پھر ان کو الفاظ کی شکل دیں گے اور پھر ہم اس کی طباعت کریں گے یعنی قرآن کریم کا ترجمہ اس زبان میں بھی شائع کریں گے جو اس وقت بولی جاتی ہے مگر لکھی نہیں جاتی۔

تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ جو لوگ یا جو قومیں قرآن کریم کا متن پڑھنے لگ جائیں اور اس کا ترجمہ سمجھنے لگ جائیں ان کو ہم قرآن عظیم کی تفسیر سے روشناس کرائیں تفاسیر کی طباعت ہو۔ ہر زبان میں ہو۔ ہر ملک کے لئے ہو ہر قوم کے لئے ہو ہر قبیلے کے لئے ہو۔ یہ بڑا عظیم کام ہے یہ بہت وسیع کام ہے۔ یہ بڑا مشکل کام ہے لیکن یہ وہ کام ہے جس کے کرنے کے لئے مہدی معہود (علیہ السلام) کو مبعوث کیا گیا ہے۔ یہ کام اللہ تعالیٰ کے منشاء اور توفیق سے جماعت احمدیہ نے کرنا ہے

میں سمجھتا ہوں

ہمارے لئے ایک وقت تک تربیتی کاموں کی طرف توجہ دینا ضروری تھا۔ ایک بنیاد کا قائم کرنا ضروری تھا وہ بنیاد قائم ہو چکی ہے اب اس بنیاد پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اسلام کی اس عظیم الشان عمارت کے کھڑا کرنے کا وقت آ گیا ہے جس کے سایہ میں اجنبی کی چھتوں کے نیچے بنی نوع انسان کو اکٹھا کیا جاتا ہے۔ اس کی ابتداء ہم نے چھوٹے پیمانہ پر تجربتاً باہر دوسرے مطبع خانوں میں کی ہے۔ قرآن کریم کے متن اس کے ترجمہ اور اس کی تفسیر کو چھپوایا ہے۔ اس سے ہم نے تجربہ حاصل کیا۔ اس سے ہم نے علم حاصل کیا۔ چنانچہ اس تجربہ کے نتیجہ میں آج ہم علیٰ وجہ البصیرت اس موقف پر قائم ہیں کہ اگر اللہ تعالیٰ احمدیوں کے دلوں میں قرآن کریم کی محبت کی گرمی کو قائم رکھے تو ان شاء اللہ اگلے پچاس ساٹھ سال میں ہم اپنے کام کا ایک بڑا حصہ مکمل کر چکے ہوں گے۔

اس تجربہ کے بعد آج

ایک اہم کام

کی ابتداء کی جا رہی ہے۔ اور وہ ہے ایک جدید اور بہترین قسم کے چھاپہ خانے کی ابتداء ہے جس کی عمارت کا سنگِ بنیاد اس وقت رکھا جائے گا۔ اگر ہمارے اپنے چھاپہ خانے ہوں تو ہمیں قرآن کریم ایک چوتھائی خرچ پر یا بعض حالات میں نصف خرچ پر میسر آ سکتا ہے۔

غرض یہ عمارت جس کی بنیاد آج رکھی جانے کی ابتداء ہے اس لحاظ سے بھی یہ ابتداء ہے کہ ہمیں مرکز میں اس سے قبل بہت سے مطبع کی ضرورت ہے لیکن ابتداء ہو جائے گی خدا تعالیٰ نے چاہا تو ہی ہے فضل اور اسی کی رحمت سے ایک دن ہماری انتہائی خواہش بھی پوری ہو جائے گی تاہم ہم مرکز احمدیت میں صرف ایک مطبع سے تو ہمارا کام نہیں چلے گا۔ یہ تو ایک اصل اور جڑ ہے جو اس باغ میں لگائی جا رہی ہے جس کو چھاپہ خانوں کا باغ کہا جا سکتا ہے پھر پاکستان میں دوسری جگہوں پر بھی بڑے بڑے چھاپہ خانے بنائے جائیں گے پھر دنیا کے ہر ملک میں اپنے چھاپہ خانے ہماری ملکیت اور ہماری نگرانی میں چلنے والے ہوں گے جہاں قرآن کریم اور اس کے ترجمہ اور تفسیر کی اشاعت کا کام ہو رہا ہو گا تا کہ ساری دنیا کے ہاتھ میں قرآن عظیم پہنچ سکے اعتبار سے بھی ترجمہ کے لحاظ سے بھی اور تفسیر کے لحاظ سے بھی پہنچ جائے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دنیا کے سامنے جو روحانی خزائن پیش کئے ہیں ان کی عظمت کا اندازہ لگانا آج انسان کے لئے مشکل ہے اس لئے کہ ایک تو ہم نے ان کے ہاتھوں تک وہ علوم روحانی پہنچائے نہیں اور دوسرے اس لئے بھی کہ ابھی آدم کو ان روحانی خزائن کی قدر و قیمت کا احساس نہیں ہوا۔ یہ احساس بھی ہم نے پیدا کرنا ہے اور اس کے لئے انتہائی قربانیاں بھی ہم نے دینی ہیں یہ

جماعت احمدیہ کا فرض

ہے اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم نسلاً بعد نسلٍ قربانیاں دیتے چلے جائیں اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے یہ ذمہ داری ہمارے کندھوں پر ڈالی ہے اس کا ثواب عظیم ہے اس کے نتیجہ میں حضرت خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ہمارے رب کریم کی خوشنودی اور رضا اور پیار حاصل ہوتا ہے پس یہ ایک بڑا عظیم کام ہے جس کی ابتداء آج ایک چھوٹے پیمانے پر ہو رہی ہے۔ اس وقت مطبع کا سنگِ بنیاد رکھا جائیگا۔ میں نے منتظمین کو تاکید کی ہے اس لئے میں امید کرتا ہوں کہ وہ وعدہ کے مطابق آئندہ جلسہ سالانہ سے قبل اس عمارت کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اسی طرح میری یہ بھی خواہش ہے اور میں اپنے رب کریم کے فضل سے امید رکھتا ہوں کہ اس سے کہیں قبل اس کے بعض ایسے حصے مکمل ہو جائیں گے جن میں ہم کام شروع کر دیں گے کیونکہ جماعت کا کام مختلف مراحل میں سے گذرتا ہے۔ اسلئے اس چھوٹی سی عمارت میں جس کا اعلان کیا گیا ہے اور جس کا رقبہ چند سو فٹ ہے، ہم کام شروع کر سکتے ہیں۔ پھر اگلے سال تک عمارت کے لحاظ سے اس چھوٹے سے مطبع میں کام پورے طور پر شروع ہو جائے گا۔

انسان کی تدبیر

کے راستے میں اس کی ہمت اور اس کے عزم کا امتحان لینے کے لئے بعض روکیں کھڑی کی جاتی ہیں چنانچہ ہمارے اس منصوبہ کی راہ میں بھی بعض روکیں پیدا ہو چکی ہیں مثلاً جب میں نے اللہ تعالیٰ کے منشاء کے مطابق اس پریس کا منصوبہ بنایا تھا اس وقت ہمارے ملک کے سکہ کی قیمت کے لحاظ سے انگلستان سے پریس کی جو مشینری منگوائی جانی تھی جس میں فوٹو گراف بھی شامل تھی گویا ہر لحاظ سے ایک مکمل پریس تھا اس کی قیمت قریباً پچانوے ہزار پونڈ یعنی قریباً دس لاکھ روپے تھی۔ لیکن بعد میں اقتصادی حالات کے دباؤ کے ماتحت اور اپنے ملک کے حالات کے لحاظ سے حکومت وقت کو عالمی حقائق کے پیش نظر اپنے سکہ کی قیمت کم کرنا پڑی چنانچہ جس

پریس کی قیمت

پہلے دس لاکھ روپے تھی اب وہ چھبیس سے تیس لاکھ روپے تک پہنچ گئی ہے اس وقت دس لاکھ کے مطابق تو انتظام ہو سکتا تھا اور اب بھی ہو سکتا ہے لیکن پاکستانی سکہ کی قیمت کم ہونے کی وجہ سے پریس کی قیمت میں جو اضافہ ہوا ایسی اضافی کمایا اس سے بھی کچھ زیادہ اسکی وجہ سے ہمیں مجبوراً اپنے منصوبہ کو بدلنا پڑا۔ اب کام شروع کرنے کے لئے کچھ سامان پاکستان سے خریدا جائے گا اور کچھ سامان درآمدی لائسنس لیکر باہر سے منگوایا جائیگا اور کچھ سامان بیرونی جماعتوں کی طرف سے تحفۃً آ جائے گا۔ میں بڑی دعائیں کر رہا ہوں۔ دوست بھی بہت دعائیں کریں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے بیرون پاکستان کی جماعتوں کو توفیق عطا فرمائے۔ ان کی طرف سے کچھ سامان اس سال نہیں لیکن انشاء اللہ اگلے سال ہمیں مل جائے گا۔ اور پھر یہ پریس مکمل ہو جائے گا۔

اس وقت ہم نے جو قرآن کریم چھپوائے ہیں ان کی طباعت کے سلسلہ میں ہم نے بڑی کوفت اٹھائی۔ ہمیں بڑی تگ و دو کرنی پڑی تاہم اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ وہ جلدی چھپ گئے۔ ایک مہینے میں تراجم شائع ہو گئے۔ لیکن اس پریس کی تکمیل کے بعد ایک دن میں انشاء اللہ بیس ہزار کی تعداد میں قرآن کریم چھپ سکیں گے یہ تعداد بھی کم ہے ہمارا جو مطمح نظر ہے اور مقصود ہے وہ ہمیں ہمیشہ سامنے رکھنا چاہئے ہم نے

پاکستان کے ہر شہری کے ہاتھ میں

قرآن کریم کا متن اور ترجمہ اور تفسیر پہنچانا ہے یہ کام کوئی معمولی کام نہیں ہے چہ جائیکہ ساری دنیا کے ہر انسان کے ہاتھ میں قرآن عظیم مترجم پہنچانا ہو تو اس سے بھی زیادہ عظیم الشان کام ہے لیکن وہ وقت آتا ہے اور خدا کے فضل سے وہ وقت ضرور آئے گا جب ایک ایک دن میں انشاء اللہ بیس بیس لاکھ قرآن کریم کی کاپیاں شائع ہوں گی اور وہ بنی نوع انسان کی پیاس کو بجھانے اور روحانی سیرابی کا سامان پیدا کریں گی۔

پس آج ہم دعاؤں کے ساتھ اس کام کو شروع کر رہے ہیں اور دعاؤں کے ساتھ اس کو جاری رکھیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت اس منصوبہ کو کامیابی کی انتہا تک پہنچائے گی کیونکہ وہ ہمارا رب ہمارا محبوب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمارا آقا، ہمارا رب کریم اور ہم سے بڑا پیار کرنے والا خدا ہے۔ وہ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے مشن کو کامیاب کرنے کا منصوبہ بنا چکا ہے اس کے راستے میں دنیا کی کوئی طاقت روک نہیں بن سکتی۔

عزیز ہم دعا کے ساتھ اس

مجوزہ پریس کی عمارت

کی ابتدائی اینٹیں رکھیں گے۔ میں ہاتھ اٹھا کر بھی دعا کروں گا۔ اینٹیں رکھنے اور رکھوانے کے وقت بھی دعا میں مشغول ہوں گا۔ دوست بھی دعاؤں میں لگے رہیں کہ اللہ تعالےٰ ہمارے اس محبوب کام کو کامیابی کی انتہا تک پہنچائے۔ یہ خدا کا کام ہے یہ تو ہو کر رہے گا۔ خدا کرے کہ ہمارے ذریعہ سے یہ کام ہو اور ہماری زندگیوں میں یہ بہت حد تک کامیابیوں کی منازل طے کر جائے۔ پس دوست دعائیں کریں

بہت دعائیں کریں

اب بھی کریں بعد میں بھی کریں یہاں جو حاضر ہیں وہ بھی دعا کریں اور جن احباب تک بعد میں یہ اطلاع پہنچے وہ بھی دعا کریں۔ اللہ تعالےٰ پر کامل توکل رکھیں۔ اس کی ذات پر کامل بھروسہ رکھیں۔ اس منصوبہ میں جو بھی روکیں پیدا ہوئیں یا پیدا ہوں گی وہ عارضی ہوں گی، یہ اندھیروں کے بادل ایک دن ضرور چھٹ جائیں گے اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نور جو کہ نور السموات والارض سے حاصل کردہ نور ہے، وہ ساری دنیا کو منور کر دے گا۔ آؤ اب دعا کریں۔

اجتماعی دعا کے بعد سیدنا حضور ایدہ اللہ بنصرہ نے اپنے دست مبارک سے تین بنیادی اینٹیں نصب فرمائیں۔ حضور کے بعد چند دیگر اصحاب نے ایک ایک اینٹ رکھی اور اس کے بعد یہ بابرکت تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

جلسہ ہائے سیرۃ النبیؐ

۱۶ اپریل بروز سوموار مختلف مقامات پر لجنات نے یوم سیرۃ النبی اپنی سابقہ روایات کے ساتھ بڑی شان و شوکت کے ساتھ منایا۔ جس میں رسول پاکؐ کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ نیز منظوم کلام کے ذریعہ بھی آپ کی خدمت میں گلہائے عقیدت پیش کئے گئے۔ اس جلسہ میں کثیر تعداد میں غیر از جماعت مستورات نے بھی شرکت کی۔

مندرجہ ذیل لجنات کی طرف سے اس جلسہ کی رپورٹیں موصول ہوئی ہیں:۔

ربوہ	حافظ آباد	کنری (سندھ)	ایبٹ آباد
سرگودھا	کوئٹہ	حیدر آباد	بشیر آباد
ملتان	چنیوٹ	گوجرانوالہ	گوجرہ
اسلام آباد	راولپنڈی	گوجر خان	حسن پور
جڑانوالہ	جہلم	پشاور	ساہیوال
لاہور	نئی سرروڈ		

باقی لجنات بھی اپنی رپورٹیں جلد بھجوائیں۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

قائمین خدام الاحمدیہ

ماہانہ کارگزاری کی رپورٹ بھجوانا قائدین مجالس کی اہم ذمہ داری ہے ہر ماہ اپنی مجلس کی رپورٹ مرتب کر کے باقاعدگی سے بھجوائیں۔ (دفتر مرکزیہ)

اذکروا موتاکم بالخیر

مرزا محمد یعقوب صاحب دنیاپور

مرزا محمد یعقوب صاحب ۱۸۹۷ء میں بھوانی پور ریاست کپورتھلہ (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد صاحب کا نام مرزا محمد ابراہیم تھا۔ ۱۹۴۷ء میں تقسیم ہند سے قبل آپ کپورتھلہ میں تھے۔ ۱۹۴۷ء کو ہجرت کر کے دنیاپور میں تشریف لائے۔ اور تا وفات دنیاپور میں ہی رہے۔ آپ کے والد اور خاندان کے بعض افراد اہل حدیث تھے مگر خاندان میں سے کچھ احمدی بھی تھے جن سے احمدیت کی باتیں سن کر آپ کی رغبت بڑھ گئی اور احمدیوں کی مخالفت کے بعض مواقع پر آپ نے احمدیوں کا ساتھ دیا۔ اور بالآخر ۱۹۵۰ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضؓ کے عہد خلافت میں احمدیت سے وابستہ ہو گئے۔ ۱۹۵۳ء میں فسادات کے دوران مستقل مزاجی سے مخالفت اور ناگزیر حالات کا سامنا کیا۔ ۱۹۶۰ء میں آپ نے وصیت کر دی۔

آپ نہایت کم گو، نیک اور سادہ بزرگ تھے۔ احمدیت سے محبت تھی بحث کرنے سے بعد آپ دنیاپور جماعت کے پریذیڈنٹ اور زعیم انصار اللہ بھی رہے۔ اپنی اولاد کو برابر احمدیت سے وابستگی کی نصائح کیا کرتے تھے۔

آپ نے ہجرت کے بعد یہاں آتے ہی لکڑی کا تھوڑا سا کام شروع کیا پھر خدا نے آپ کو کشائش عطا کی اور آپ کا یہ کاروبار خوب چمک اٹھا۔ آپ نے ۲۰ دسمبر ۱۹۷۲ء کو دنیاپور میں ۱۰۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

آپ چونکہ موصی تھے۔ اس لئے آپ کا جنازہ آپ کے لڑکے اور چند اور دوست ربوہ لائے اور بروز جمعۃ المبارک ۲۲ دسمبر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے ماتحت محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب نے مسجد گول بازار میں جنازہ پڑھایا اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ نے اپنے پیچھے ۵ لڑکے ۲ لڑکیاں ۴ نواسے نواسیاں اور ۲ پوتے اور ایک پوتی یادگار چھوڑے ہیں۔

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالےٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین۔

(شیخ محمد اسلم۔ صدر جماعت احمدیہ۔ دنیاپور۔ ضلع ملتان)

بابو شمس الدین صاحب مرحوم

محترم بابو شمس الدین مرحوم جن کا انتقال ۲۷ مارچ ۱۹۷۳ء کو ہوا ہے لاہور کے قدیم مخلصین میں سے تھے گزشتہ چند سال سے فالج کا عارضہ ہو جانے کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئے تھے۔ اس لئے بہت کم باہر نکلتے تھے۔ قریباً صاحب فراش ہی رہے بڑے جوشیلے احمدی تھے اور سلسلہ کے ساتھ والہانہ عقیدت رکھتے تھے۔ مجھے ان کی جوانی کے ایام کے جوش و خروش کو ذاتی طور پر دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا البتہ کچھ سنتا رہا ہوں دفتر میں ان کے رفقاء احباب سوائے بابو فضل دین صاحب کے جماعت سے تعلق نہیں رکھتے تھے اور اکثر ان کے ساتھ نوک جھونک کرتے رہتے تھے۔ جسے مرحوم نہایت خندہ پیشانی سے برداشت کرتے تھے لیکن باایں ہمہ ان کے باہمی روابط اور ہمدردانہ جذبات میں کوئی فرق نہیں آتا تھا۔

ایک دفعہ میں نے قریشی فیروز الدین صاحب گوجرانوالہ سے جو آپ کے گہرے دوست تھے مجھ ذکر کیا کہ جب میں ہائی کورٹ میں پہلا ایک ماہ کام کرنے کے بعد تنخواہ لینے کے لئے گیا تو مجھے بتایا گیا کہ میری کوئی تنخواہ نہیں ہے کیونکہ میرے لئے کوئی اسامی ہی نہ تھی مجھے بہت رنج ہوا میں تنخواہ نہ ملنے کی وجہ معلوم کرنے اکاؤنٹس برانچ گیا تو وہاں سے بھی مجھے یہی جواب ملا تنخواہ ملنے کی امید پر میں گھر جانے کے لئے خوشی خوشی دفتر آیا تھا۔ تنخواہ نہ ملنے کی تشویش و رنج کی حالت میں اکاؤنٹس برانچ کے باہر برآمدہ میں کھڑا تھا کہ بابو شمس الدین صاحب وہاں آ نکلے۔ میری ان سے جان پہچان نہ تھی۔ لیکن انہوں نے فوراً بھانپ لیا کہ اس مسلمان لڑکے کو ہندو عملہ نے کوئی گزند پہنچائی ہوگی جس کی شکایت لے کر یہاں آیا ہے اور کس قدر کی حالت میں کھڑا ہے۔ مجھ سے پوچھا یہاں کیوں کھڑے ہو۔ میں نے بتایا مجھے تنخواہ نہیں ملی اور مجھ سے جونیئر کو مل گئی۔ محترم بابو صاحب مرحوم فوراً متعلقہ آفیسر کے پاس گئے اور ان سے کہہ کر مجھے ایک گھنٹہ کے بعد تنخواہ دلوا دی۔ عزیزم مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے۔ دعا ہے کہ مولا کریم مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین۔

(خواجہ عبدالرحمٰن ایم اے الٰہی پارک۔ لاہور)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تحریکِ جدید کے معاونینِ خصوصی میں اضافہ

حال ہی میں حسب ذیل مخلصین نے ایک ہزار روپیہ فی کس وعدہ تحریک جدید پیش کر کے ہمارے معاونین خصوصی میں شمولیت اختیار فرمائی ہے۔ جزاھم اللہ تعالیٰ۔

۱	مکرم چوہدری غلام رسول صاحب	گنج مغل پورہ	لاہور
۲	" عبداللطیف صاحب خالد ابن مکرم مولوی عبدالحکیم صاحب	"	"
۳	" شیخ نثار احمد صاحب	سمن آباد	"
۴	" محمد اسحٰق صاحب شور	حلقہ مزنگ	"
۵	" خواجہ محمد شریف صاحب	دہلی گیٹ	"
۶	" چوہدری سمیع اللہ صاحب	شفا میڈیکو	"
۷	" راجہ فضل احمد صاحب	حلقہ کینال پارک	"
۸	" شاہ اللہ خان صاحب ابن بابو اللہ داد خان صاحب	حلقہ سول لائن	"
۹	" عبدالعزیز صاحب بھٹی	حلقہ سمن آباد	"
۱۰	" میاں بشیر احمد صاحب	بھاگا بھٹیاں ضلع گوجرانوالہ	

ان سب کے لئے قارئین کرام کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے

(وکیل المال اوّل)

انصار اللہ — سہ ماہی جائزہ

مجالس کا جو سہ ماہی جائزہ تیار کیا گیا ہے اس کی تفصیلات سے متعلقہ زعماء اور ناظمین کرام کو مطلع کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلہ میں استدعا ہے کہ جب یہ جائزہ آپ تک پہنچے تو اس پر ذرا ٹھہر کر دل سے عہد کر فرمائیں۔ کیا آپ مطمئن ہیں کہ آپ نے بحیثیت عہدیدار جو ذمہ داری محض اللہ تعالیٰ کی خاطر بخوشی قبول کر رکھی ہے اس کا حق ادا ہو گیا ہے؟ اگر خدانخواستہ اس کا آپ کو مثبت جواب نہیں ملتا تو پھر آپ کے نزدیک اس کی کیا وجوہات ہو سکتی ہیں؟ اللہ تعالیٰ کی منشاء مبارک کو پورا کرنے کے لئے عزم اور ہمت سے کوئی کام کیا جائے اور پھر اس کا خوشکن نتیجہ نہ نکلے یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔

غلبۂ اسلام کے لئے بے چین روحوں کے ساتھ انتھک محنت اور خدمت کرنے کی ضرورت ہے اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہم سب کو ایسا کرنے کی توفیق عطا کر دے تو پھر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی مجلس زاد ہدایا بغیر بجٹ کے رہ جائے۔

وما توفیقنا الا باللہ العلی العظیم۔

(قائد مال)

اعلان دار القضاء

مکرم انعام الرحیم صاحب ۱۷۶ احمد پارک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم مولوی عبدالرحیم صاحب وفات پا چکے ہیں مرحوم کے نام قطعہ ۲۱ واقع محلہ دارالرحمت الاٹ ہے استدعا ہے کہ پلاٹ مذکورہ میرے علاوہ درج ذیل وارثان کے نام بھی مشترکہ صدر پر منتقل کرنے کا فیصلہ صادر فرماویں:۔

۱۔ امۃ العزیز صاحبہ ۲۔ فضل الرحیم صاحب۔ ۳۔ اکرام الرحیم صاحب ۴۔ احسان الرحیم صاحب ۵۔ مقصودہ تدریسہ صاحبہ۔

اگر کسی وارث وغیرہ کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم تک اطلاع دی جاوے۔

(ناظم دار القضاء ربوہ)

دعائے نعم البدل: عاجز کے نسبتی بھائی ڈاکٹر نثار احمد صاحب بھگوی لائل پور کی لڑکی عزیزہ راحت مبارکہ بعمر تین سال قریباً دو ہفتہ بیمار رہ کر ۱۶ جون کو وفات پا گئی ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل کی توفیق بخشے اور نعم البدل سے نوازے۔ آمین (صوفی عبدالغفور کارکن نظارت تعلیم)

مرکزی امتحانات

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کی طرف سے مرکزی امتحانات (مبتدی، متقدم، مقصد سابق، لائق۔ فائق) حسب ذیل پروگرام کے مطابق منعقد ہو رہے ہیں۔

مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور۔ ۲۴ جون

دیگر مجالس خدام الاحمدیہ ۲۹ جولائی

ان امتحانات میں زیادہ سے زیادہ خدام کو شامل ہونے کی کوشش کرنی چاہیے۔ قائدین مقامی اور قائدین اضلاع فوری توجہ فرماویں۔ اور خدام کو ان امتحانوں میں بکثرت شامل کرائیں۔ مرکزی امتحان میں شمولیت کا کم از کم ٹارگٹ ۵۰ ہے۔

(مہتمم تعلیم)

درخواستہائے دعا

۱۔ میرے والد محترم ماسٹر نثار الدین صاحب ارشد اعصابی اور بعض دیگر عوارض سے چند روز سے بہت بیمار ہیں۔ احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل و عاجل صحت عطا فرمائے۔

(نعیم احمد نعیم جنرل سیکرٹری رحمت بازار ربوہ)

۲۔ عزیزم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب کی بچی عزیزہ نادرہ نصرت عمر قریباً ایک سال لعارضہ بخار بیمار ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے مکمل صحت عطا فرمائے اور جلد صحت کر دے۔ آمین (فیض الحق خان کوثر)

۳۔ میرے لڑکے عزیزم بشیر احمد لعارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین (حاکم علی ایل ایل۔ چوہدری والی دار الصدر غربی ربوہ)

۴۔ خاکسار کا بچہ چند دنوں سے بیمار ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے (البشیر احمد ندیم ڈرفٹ دار الرحمت)

۵۔ میری اہلیہ اور ایک بچہ عمر سال سخت بیمار ہیں اور دل و دماغ پر کھاریاں میں داخل ہیں احباب دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل و عاجل شفا عطا فرمائے (کیپٹن محمد الدین اکبر کھاریاں کینٹ)

زود جام عشق طاقت کی مشہور دوا

مقوی اعصاب۔ مقوی اعضائے رئیسہ

مکمل کورس ۲۵ روپے

المنار دواخانہ ربوہ

بواسیر (مزمن)

کا

یکہ روزہ علاج

سہل اور غیر تعذیب

سینکڑوں اشخاص فائدہ اٹھا چکے ہیں جن میں سے قابل ذکر حضرت خان غلام محمد خان بہادر آنریری مجسٹریٹ اور مکرم ڈاکٹر فضل الرحمن صوفی صاحب ایڈووکیٹ ہیں۔ فیس صرف سات روپے پچاس پیسے علاوہ محصول ڈاک

پائلز موک کمپنی خانیوال منزل بھیرہ ضلع سرگودھا

ضرورت ہے

انجن ڈرائیور اور منڈی کی

ربوہ سے ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ڈیزل انجن اور چکی ڈرائیور کی ضرورت ہے

خواہش مند دوست

فوری فائدہ اٹھائیں

فرزند علی چودھری

دار الرحمت غربی۔ ربوہ

ہومیو پیتھک و بائیوکیمک ادویات

معیاری مدر ٹنکچرز پوٹینسیاں

۶۔ ۳۰۔ ۲۰۰۔ ۱۰۰۰۔ ۱۰۰۰۰ اور

ایک لاکھ طاقت تک

ملک، شوگر، گولیاں، ٹکیاں، خالص پوٹینسیاں اور ہومیو پیتھک و بائیو کیمک کتب و جنتریاں

پاکستان کے تھوک فروشوں کے تھوک ریٹ

فہرستوں پر ہم سے خریدیں

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کیمیکل

گول بازار۔ ربوہ۔ فون ۶۰۶

پروفیشنل برانچ فون ۹۰۷

ضرورت ہے

موٹر ورکشاپ کے لئے کلرک کی

جو سابقہ فوجی ہو اور عمر

کم از کم ۳۵ سال ہو۔

تنخواہ ۱۲۵ روپے ماہوار جو

حسب لیاقت بڑھائی جا سکتی ہے فوری ملیں

کامران مرزا۔ منی موٹرز لاہور

۵۴ بی گلبرگ ۲ (نزد پولیس سٹیشن) فون ۸۱۴۴۲

مجالس خدام الاحمدیہ چندہ تعمیر ایوانِ محمود فوری ارسال فرمائیں (مہتمم مال)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نصرت جہاں ریزرو فنڈ

ہم نے ساری دُنیا میں خدا تعالیٰ کی توحید اور جلال قائم کرنا ہے

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:۔

"اسلام کی مخالفت کے بچہ کا خروج ہو چکا ہے۔ اور اب وہ بالغ ہو کر اپنے جوش اور قوت میں ہے اس لئے اس کو تباہ کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے آسمان سے ایک ابر نازل کیا اور اس مکروہ شرک کو جو اندرونی اور بیرونی طور پر پیدا ہو گیا تھا دور کرنے کے لئے اور پھر خدا تعالیٰ کی توحید اور جلال قائم کرنے کے واسطے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم صفحہ ۹۳)

اسلام کی مخالفت کو افریقہ کے ممالک میں ہمیشہ کے لئے ختم کرنے۔ خدا تعالیٰ کی توحید اور ہمارے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی عزت و عظمت کو قائم کرنے کے لئے جو مہم جاری ہے اسے کامیاب بنانے کے لئے نصرت جہاں ریزرو فنڈ کے وعدوں کی سو فیصد ادائیگی کر دیجئے۔ تاکہ ہم اپنے قدم اور آگے بڑھا سکیں۔

(سیکرٹری نصرت جہاں ریزرو فنڈ)

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا اکتیسواں (۳۱) سالانہ اجتماع

۲-۳-۴ نبوت / نومبر ۱۳۵۲ ہش / ۱۹۷۳ء

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے اعلان کیا جاتا ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا سالانہ اجتماع امسال ۲-۳-۴ نبوت ۱۳۵۲ ہش (نومبر ۱۹۷۳ء) بروز جمعہ۔ ہفتہ۔ اتوار منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

فہرست معاونین خصوصی میں تصحیح

۲ جون ۷۳ء کے الفضل میں معاونین خصوصی تحریک جدید کی ایک فہرست شائع ہوئی ہے جس میں مکرم چوہدری علیم الدین صاحب اسلام آباد کا اسم گرامی بجائے سال روں کی فہرست میں شائع ہونے کے سال ہائے ماسبق کے ریکارڈ میں درج ہو گیا ہے۔

مکرم چوہدری صاحب موصوف کا وعدہ بقدر ۱۲۵/- روپے سالانہ موصول ہو گیا ہے جزاھم اللہ احسن الجزاء۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

مجالس انصار اللہ صوبہ بلوچستان کا سالانہ تربیتی اجتماع

مجالس انصار اللہ صوبہ بلوچستان کا سالانہ تربیتی اجتماع مورخہ ۱۸ و ۱۹ ۲/۳ بروز ہفتہ۔ اتوار بمقام کوئٹہ منعقد ہو رہا ہے جس میں مرکز کی نمائندہ بھی شرکت کرے گا انشاء اللہ جملہ مجالس انصار اللہ سے درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں شمولیت فرما کر اجتماع کو کامیاب بنائیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

(قائد عمومی مجلس انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

دعائے نعم البدل

برادرم رشید احمد صاحب گوہر بازار ربوہ کا اکلوتا لڑکا عمر ۸ ماہ صفدر ۱۱ جون کو بقضائے الٰہی وفات پا گیا۔ احباب کرام دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ والدین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے اور نعم البدل سے نوازے۔

(محمد مطیع اللہ شاہین چیمہ۔ دار الرحمت غربی ربوہ)

ضروری اور اہم خبروں کا خلاصہ

اسلام آباد ۱۴ جون۔ ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے کہ صدر بھٹو ۱۷ جولائی سے امریکہ کا چھ روزہ سرکاری دورہ شروع کریں گے بیگم نصرت بھٹو ان کے ہمراہ ہوں گی۔ امریکہ میں قیام کے دوران صدر بھٹو صدر نکسن سے ملاقات کریں گے توقع ہے کہ دونوں سربراہوں کے درمیان پاکستان اور بھارت کو امریکی اسلحہ کی فراہمی اور برصغیر کے دیگر حالات پر تبادلہ خیالات ہوگا۔

حیدر آباد ۱۴ جون۔ صدر بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی جتنی اب مفید ہے اتنی پہلے کبھی نہ تھی۔ اب امریکہ روس اور چین تینوں ملکوں سے ہمارے خوشگوار تعلقات ہیں۔ ہندوستان کو اب پوزیشن کبھی حاصل نہیں ہوگی کہ وہ تینوں بڑی طاقتوں سے اچھے تعلقات کا دعویٰ کر سکے۔ صدر بھٹو نے امید ظاہر کی ہے کہ اگر آئندہ پاکستان ۱۹۷۱ء سے بحران میں مبتلا ہوا تو روس ہمارے دشمنوں کی اس طرح حمایت نہیں کرے گا جس طرح وہ ماضی میں کرتا رہا ہے

اسلام آباد ۱۴ جون۔ پاکستان اور عراق کے درمیان سفارتی تعلقات بحال ہو گئے ہیں۔ حکومت پاکستان نے عراق کے نئے سفیر برائے پاکستان عبد الملک کی تقرری کی منظوری دے دی ہے۔

لاہور ۱۴ جون۔ کل صبح جنرل پوسٹ آفس کی عمارت میں ایک پارسل میں بند ایک بم دھماکہ کے ساتھ پھٹ گیا۔ جس سے پانچ افراد زخمی ہوئے۔ زخمی ہونے والوں میں پوسٹ آفس کا ایک ملازم بھی شامل ہے۔ پولیس نے پارسل بھیجنے والے اور منزل مقصود کے ایڈریس کو مخفی رکھا ہے۔

پشاور ۱۴ جون۔ سرحد کی حکومت نے انتباہ کیا ہے کہ اگر نیشنل عوامی پارٹی نے اپنی وطن دشمن سرگرمیاں بند نہ کیں تو وہ مرکزی حکومت سے اس پارٹی پر پابندی عائد کرنے کی سفارش کرے گی۔

طفیل احمد صاحب باجوہ مراقب خدام الاحمدیہ متوجہ ہوں

مکرم طفیل احمد صاحب باجوہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ جہاں کہیں بھی ہوں اس اعلان کو پڑھتے ہی مرکز میں واپس آجائیں اگر کسی قائد مجلس یا کسی اور صاحب کو ان کے متعلق علم ہو کہ وہ کہاں ہیں تو مراقب صاحب کو مرکز میں واپس آنے کی تاکید کریں۔ نیز مرکز کو بھی اطلاع دیں۔ طفیل احمد صاحب باجوہ آج کل سندھ کے دورہ پر ہیں۔

(مہتمم مال)

طبیہ کالج ربوہ

جیسا کہ احباب جماعت کو علم ہے کہ ربوہ میں عرصہ چار سال سے طبیہ کالج جاری ہے جس میں طب قدیم کے ساتھ ساتھ طب جدید کی تعلیم کا انتظام ہے۔ یہ کالج حکومت پاکستان سے منظور شدہ ہے۔

چار سال کے کورس کے بعد طلباء کو فاضل الطب والجراحت کی ڈگری ملتی ہے۔ میٹرک پاس طلباء کو داخل کیا جاتا ہے جو والدین اپنے بچوں کو طب کی تعلیم دلوانا چاہتے ہوں۔ ان سے درخواست ہے کہ وہ کالج ہذا سے رابطہ قائم کریں۔ تاکہ ان کی رہنمائی کی جا سکے۔ (وائس پرنسپل)

درخواستِ دُعا

مکرم رانا بشیر احمد صاحب اسسٹنٹ کمشنر پنڈی گھیب کے والد بزرگوار مکرم ملک محمد جعفر خان صاحب کچھ عرصہ سے علیل ہیں اور ابھی تک تشخیص مکمل نہیں ہو سکی۔ اسی طرح جماعت احمدیہ کیمل پور کے دو عہدیدار مکرم میاں عزیز احمد صاحب قریشی نائب امیر اور مکرم پیر عبد الرحمٰن صاحب سیکرٹری مال گزشتہ کئی روز سے طبیعت میں خاص کمزوری محسوس کر رہے ہیں احباب جماعت اور بزرگان سلسلہ سے سرسری دوستوں کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دردمندانہ دعا کی درخواست ہے (عطاء الکریم شاہد مربی سلسلہ)

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴